**21.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

........................................................................

☆ شمال مغربی ترکیے میں ایک ہوٹل میں آگ لگنے کے واقعے میں کم سے کم 66 افراد ہلاک اور دیگر 51 زخمی ہوگئے ہیں۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ملک میں رہ رہے اُن لوگوں کے بچوں کے پیدائشی طور پر شہریت کے حق کو ختم کر دیا ہے، جن کے والدین امریکی شہری نہیں ہیں۔

☆ مہاراشٹر نے داووس میں عالمی اقتصادی فورم میں 38 ہزار 750 کروڑ روپے مالیت کے مختلف مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔

☆ سینسیکس میں 1200 پوائنٹس کی گراوٹ آئی ہے، نفٹی میں 300 سے زیادہ پوائنٹ کی کمی آئی۔

☆ اور...... خواتین ہاکی انڈیا لیگ میں رانچی میں اڈیشہ واریئرس نے JSW سورما ہاکی کلب کو صفر کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Turkiye Fire*

شمال مغربی ترکیہ کے ایک SKI Resort کے ایک ہوٹل میں آج صبح آگ لگنے کے ایک حادثے میں 66 افراد ہلاک اور 51 لوگ زخمی ہوگئے ہیں۔ انتظامیہ نے ہوٹل سے 239 افراد کو بچالیا ہے۔

ترکیہ کے داخلی امور کے وزیر Ali Yerlikaya نے کہا کہ Kartalkaye کے Mountain-top Resort کے 12 منزلہ Grand Kartal ہوٹل کے ریستوراں میں آگ لگ گئی تھی۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق آگ لگنے کے بعد کم سے کم دو افراد کی خوف زدہ ہوکر عمارت سے چھلانگ لگا کر گرنے سے موت کی خبر ہے۔ خبر میں کہا گیا ہے کہ احتیاط کے طور پر آس پاس کے ہوٹلوں کو بھی خالی کرالیا گیا ہے اور اس میں ٹھہرے مہمانوں کو دوسرے علاقوں میں منتقل کردیا گیا ہے۔

ترکیہ کے وزیر انصاف Yilmaz Tunc نے چھ وکیلوں کی ایک ٹیم کو آگ لگنے کے اس حادثے کی تحقیقات کرنے کیلئے تعینات کیا ہے اور ابھی تک اس حادثے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔x

## Trump Executive Orders

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس واپسی کے چند گھنٹوں بعد جو بائیڈن کی 78 پالیسیوں کو منسوخ کرنے کے متعدد ایگزیکٹیو احکامات پر دستخط کیے ہیں۔ جناب ٹرمپ نے اُس حکم نامے پر دستخط کیے ہیں، جس میں اُن لوگوں کے بچوں کیلئے شہریت کے پیدائشی حق کو ختم کرنے کی بات کہی گئی ہے، جو ملک میں غیرقانونی طور پر رہ رہے ہیں۔ اِس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں، جو قانونی طور پر لیکن عارضی طور پر ملک میں رہ رہے ہیں، جیسے سیاح، طلباء اور ورک ویزا پر کام کرنے والے افراد۔ ایجنسیوں کو اِس احکام کو نافذ کرنے کیلئے 30 دنوں کا وقت دیا گیا ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ امریکہ میں پیدا ہوئے بچے کو شہریت حاصل کرنے کیلئے اُس کے والدین میں سے کم سے کم ایک کے امریکی شہری ہونا، قانونی طور پر مستقل رہائشی (گرین کارڈ ہولڈر) یا امریکی فوج کا ایک رکن ہونا لازمی ہے۔

اہم احکامات میں سے ایک کے تحت صدر ٹرمپ نے عالمی ادارۂ صحت WHO سے علیحدہ ہونے کی بھی ہدایت دی ہے۔ اپنے احکام میں جناب ٹرمپ نے اِس علیحدہ ہونے کی وجوہات میں صحت سے متعلق عالمی ہنگامی صورتحال کووڈ۔اُنیس وبا سے نمٹنے میں ادارے کی گڑبڑی اور فوری طور پر اصلاحات کو اختیار کیے جانے میں ناکامی کا حوالہ دیا۔ انہوں نے WHO پر چین کے تئیں امتیازی رویہ اختیار کرنے کا الزام لگایا کہ اُس نے وبا کے دوران کس طرح رہنمائی کی۔

1400- Final- Trump- WHO

جناب ٹرمپ نے پیرس آب و ہوا کے معاہدے سے دستبرداری کا عمل شروع کرنے کے حکم پر بھی دستخط کیے۔

انہوں نے آب و ہوا کی پالیسیوں کو تبدیل کرتے ہوئے تیل، گیس اور کان کنی کی سرگرمیوں میں سہولت فراہم کرکے امریکی توانائی کی پیداوار کو بڑھانے کے لیے ہنگامی طاقتوں کا بھی استعمال کیا۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے وفاقی محکموں کو چین، میکسیکو اور کینیڈا کے ساتھ محصولات اور تجارتی تعلقات پر نظرثانی کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے امریکہ- میکسیکو سرحد پر قومی ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا اور فوجیوں کی تعیناتی کا حکم دیا۔

2100- Trump-US Mexico Border

## WHO USA

عالمی ادارۂ صحت، WHO کے سربراہ ڈاکٹر Tedros Adhanom Ghebreyesus نے ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے WHO سے دستبردار ہونے کے حکم پر ردعمل ظاہر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ڈاکٹر Ghebreyesus نے لکھا ہے کہ WHO کو امریکہ کے عالمی ادارۂ صحت سے دستبردار ہونے کا بیحد افسوس ہے۔ڈاکٹر Tedros نے WHO مشن کے بانی رُکن اور اہم شراکت دار کے طور پر امریکہ کے رول کا ذکر کیا۔ انھوں نے ساجھے داری کو برقرار رکھنے کیلئے تعمیری بات چیت پر زور دیا جس سے عالمی سطح پر لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہوسکے۔ WHO کے سب سے بڑے عطیہ دہندہ کے طور پر امریکہ نے سال 2023 میں WHO کے بجٹ میں 18 فیصد رقم عطا کی تھی۔WHO سے امریکہ کی دستبرداری سے ادارے کی مستقبل کی صحت سے متعلق فنڈنگ پر شدید تحفظات لاحق ہوگئے ہیں۔x

## Jitendra Space Economy

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی خلائی معیشت بڑھ کر 8 ارب ڈالر ہوگئی ہے اور اِس کے آئندہ دہائی تک 44 ارب ڈالر تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔ ایک ٹی وی چینل کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اندرون ملک میں تیار کردہ گگن یان مشن، 2027 میں آئندہ چندریان-4 مشن، سال 2028 کے Shukrayaan مشن اور 2030 کے بھارتی خلائی اسٹیشن جیسے اہم سنگ میل سے بھارت کی اہم پیش رفت کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

## Delhi Campaigning

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے اور مختلف پارٹیوں کے امیدوار ووٹروں کو راغب کرنے کی خاطر ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ حکمراں عام آدمی پارٹی، BJP اور کانگریس کے ساتھ دیگر پارٹیوں کے امیدواروں اور آزاد امیدواروں نے آج پدیاترا اور چناوی میٹنگیں کیں۔

عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے آج شکور بستی میں ایک روڈ شو کیا۔ BJP کے سینئر لیڈر اور ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے آج پٹیل نگر، شالیمار باغ اور راجیندر نگر اسمبلی حلقوں میں عوامی میٹنگیں کیں۔ رکنِ پارلیمنٹ پپو یادو نے کانگریس امیدوار کی حمایت میں بادلی اسمبلی حلقے میں ایک عوامی میٹنگ کی۔BJP نے آج اپنے سنکلپ پتر کا دوسرا حصہ جاری کیا۔ دلّی اسمبلی انتخابات کے تحت ووٹنگ، آئندہ ماہ کی 5 تاریخ کو ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 8 تاریخ کو کی جائے گی۔ x

## Govt Sukanya Samriddhi

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 4 کروڑ سے زیادہ Sukanya Samriddhi کھاتے کھولے گئے ہیں۔ اِس اسکیم کا 'بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ' مہم کے حصے کے طور پر 22 جنوری 2015 کو آغاز کیا گیا تھا۔ اِس اسکیم کے تحت والدین، اپنے بچیوں کیلئے کسی بھی پوسٹ آفس میں یا متعلقہ کمرشیل بینک کی برانچ میں کم سے کم ڈھائی سو روپے کے ساتھ سکنیہ سمردھی کھاتہ کھول سکتے ہیں۔ x

## Railways Mauni Amavasya

اب خبریں مہاکنبھ 2025 سے..................

Opening Montage Mahakumbh

بھارتی ریلویز نے 29 جنوری کو مَونی اماوسیہ کے موقع پر پریاگ راج میں مہاکنبھ کیلئے بڑی تعداد میں آنے والے عقیدتمندوں کیلئے جامع انتظامات کئے ہیں۔

مَونی اماوسیہ کے موقع پر عقیدتمندوں کو اُن کی منزل تک پہنچانے کیلئے ریلویز، پریاگ راج کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں سے 150 سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Anand Kumar

حکومت نے مَونی اماوسیہ کے موقعے پر مہاکنبھ میں دس کروڑ عقیدتمندوں کی جانب سے پوِتر ڈُبکی لگائے جانے کا اندازہ لگایا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے شمال وسطی ریلوے کے تعلقات عامہ کے چیف افسر ششی کانت ترپاٹھی نے بتایا کہ ریلوے، مَونی اماوسیہ کے موقع پر کُل 400 سے زیادہ میلہ اسپیشل ٹرینیں چلانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

Byte Shashikant Tripathi GNR mail

انھوں نے مسافروں سے اپیل کی کہ وہ اپنے مقررہ اسٹیشنوں سے ہی ٹرین میں سوار ہوں۔

Byte Shashikant Tripathi

پریاگ راج سے آنند کمار اور انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Haryana Bus Servic Maha Kumbh

ہریانہ روڈویز نے پریاگ راج میں مہاکنبھ جانے کیلئے پلول ڈپو سے ایک خصوصی بس سروس شروع کی ہے۔ یہ بس متھرا، آگرہ، اٹاوہ، کانپور اور کوشامبی ہوتے ہوئے پریاگ راج پہنچے گی۔ یہ بس ہر روز صبح آٹھ بجے پلول بس ڈپو سے پریاگ راج کیلئے روانہ ہوگی اور پھر اگلے دن پریاگ راج سے صبح آٹھ بجے ہی واپسی کرے گی۔ یہ بس سروس 29 فروری تک جاری رہے گی۔x

## Maharastra MOU

مہاراشٹر نے Davos میں جاری عالمی اقتصادی فورم میں وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کی موجودگی میں 38 ہزار 750 کروڑ روپئے مالیت کے مختلف مفاہمت ناموں پر دستخط کئے ہیں۔ حکومت مہاراشٹر اور کلیانی گروپ کے درمیان دستخط کئے گئے اِس پہلے مفاہمت نامے میں دفاع، اسٹیل اور الیکٹرک گاڑیوں کے شعبے شامل ہیں۔ اِس معاہدے سے پانچ ہزار 250 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کے راغب ہونے کا امکان ہے اور اِس سے گڑچرولی میں چار ہزار نوکریوں کے مواقع پیدا ہونے کی امید ہے۔ ایک دوسرے مفاہمت نامے پر حکومت مہاراشٹر اور ریلائنس انفرااسٹرکچر لمیٹڈ کے درمیان دستخط کئے ہیں جو 16 ہزار 500 کروڑ روپئے مالیت کا ہے۔

بالاسور Alloys لمیٹڈ کے ساتھ تیسرا مفاہمت نامہ 17 ہزار کروڑ روپئے مالیت کا ہے اور اِس میں اسٹیل اور دھات کی صنعت پر توجہ مرکوز کی جائے گی اور اِس سے تین ہزار 200 نوکریوں کے مواقع پیدا ہونے کی امید ہے۔x

## WB - R G Kar Medical - HC

آج مغربی بنگال سرکار نے سنجے روئے کو عمرقید کی سزا سنائے جانے کے خصوصی عدالت کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے اور اُسے سزائے موت دیئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے، کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ کل

سیالدہ کی ایک عدالت نے ننجے روئے کو اِس معاملے میں عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ عدالت نے ریاستی حکومت کو متاثرہ کے کنبے کو 17 لاکھ روپے دینے کی بھی ہدایت دی ہے۔x

### J&K RD Preparations

جموں وکشمیر میں یومِ جمہوریہ تقریبات سے پہلے کشمیر ڈویژن میں سکیورٹی ایجنسیوں اور ڈویژنل انتظامیہ نے پُرامن اور کسی ناخوشگوار واقعے سے پاک تقریبات کو یقینی بنانے کیلئے پورے کشمیر میں جامع انتظامات کئے ہیں۔ سرینگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشمیر زون کے IGP وی کے برڑی نے کہا کہ پورے کشمیر میں پرامن، حسب معمول اور کسی ناخوشگوار واقعے سے پاک یوم جمہوریہ تقریبات کیلئے پختہ انتظامات کئے گئے ہیں۔ یومِ جمہوریہ کی مرکزی تقریب سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں ہوگی، جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ترنگا لہرا سکتے ہیں اور یومِ جمہوریہ پریڈ کی سلامی لے سکتے ہیں۔ اس تقریب میں شرکت کیلئے عوام کا داخلہ مفت رہے گا۔x

### J&K Rajouri Deaths

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے پُراسرار حالات میں 17 افراد کی المناک ہلاکت کے پیش نظر آج راجوری ضلعے ک Badhaal گاؤں کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبوں سے ملاقات کی اور اُن سے اپنی تعزیت کا اظہار کیا اور اُنہیں مدد کا یقین دلایا۔ اِن ہلاکتوں کی حکام تحقیقات کر رہے ہیں۔ جناب عمر عبد اللہ نے وہاں کے باشندوں سے کہا کہ حکومت، المناک ہلاکتوں کی وجہ معلوم کرنے کیلئے پوری طرح پُرعزم ہے اور اِس سلسلے میں تحقیقات میں مختلف ایجنسیاں سرگرمی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ وزارت داخلہ کی جانب سے تشکیل دی گئی ایک بین وزارتی ٹیم، مقامی حکام کے ساتھ سبھی ممکنہ وجوہات تحقیقات کیلئے کام کر رہی ہے۔ x

### Detailed Stocks

عالمی اور گھریلو عوامل کے سبب کم قیمت پر خرید و فروخت سے گھریلو شیئر بازار میں گراوٹ آئی۔ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے برکس ممالک کیلئے محصول کے احکامات، تیسری سہ ماہی میں کم منافع اور غیر ملکی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کی جانب سے مستقل فروخت کا بازاروں پر اثر رہا۔ 30 حصص والا بامبے اسٹاک ایکسچینج کا اشاریہ ایک ہزار 235 پوائنٹ یا ایک اعشاریہ 6 فیصد کی گراوٹ کے ساتھ 75 ہزار 838 پر بند ہوا۔ اسی طرح نیشنل اسٹاک ایکسچینج نفٹی میں بھی 320 پوائنٹ یا ایک اعشاریہ تین-سات فیصد کی گراوٹ آئی اور یہ 23 ہزار 25 پر بند ہوا۔ x

### Hockey

خواتین کے ہاکی انڈیا لیگ میں آج شام رانچی میں اوڈیشہ واریئرس نے JSW سُورما ہاکی کلب کو صفر کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔

میچ کے چوتھے کوارٹر تک دونوں ٹیمیں کوئی گول نہیں کرسکیں۔ تاہم شوٹ آؤٹ میں اودیشہ نے دو گول کرتے ہوئے یہ میچ جیت لیا۔مردوں کے مقابلے میں UP رُودراس اور ٹیم گوناسِکا کے درمیان میچ راؤر کیلا میں جاری ہے۔ x

## Cricket

کوالالمپور کے Oval اسٹیڈیم میں19 سال سے کم عمر کی لڑکیوں کے ٹی ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں گروپ اے میں دفاعی چمپئن بھارت اور میزبان ملیشیا کے درمیان میچ میں بھارت نے ملیشیا کو دَس وکٹ سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ملیشیا نے 14 اوور اور تین گیندوں میں 31 رَن بنائے،جبکہ بھارت نے یہ ہدف بغیر وکٹ کھوئے دو اوور اور پانچ گیندوں میں حاصل کرلیا۔ بھارت کی طرف سے Gongadi Trisha نے 27 رَن بنائے۔ اِس سے قبل بھارت ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اتوار کے روز بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 9 وکٹ سے ہراکر ٹورنامنٹ میں اپنے خطاب کے دفاع کی شروعات کی۔ گروپ ا ے کے ایک دیگر میچ میں ویسٹ انڈیز کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔x

## Tennis

آسٹریلین اوپن ٹینس میں گیارھویں سیڈ کی Paula Badosa گرینڈ سلیم مقابلے میں خواتین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ آج صبح میلبرن کے Rod Laver Arena میں ہسپانوی کھلاڑی نے امریکہ کی Coco Gauff کو سات-پانچ، چھ-چار سے ہرا دیا۔

روہن بوپنا اور Zhang Shaui کی بھارتی-چینی جوڑی مکسڈ ڈبلز کے کوارٹر فائنل میچ میں John Peers اور Oliva Gadecki کی مقامی جوڑی سے چھ-دو، چار-چھ، نو-گیارہ سے ہار گئی۔x

## Chattissgarh Encounter

چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کی سرحد پر بین ریاستی مشترکہ آپریشن میں آج کم از کم 14 ماؤنواز مارے گئے۔ اِس مڈبھیڑ میں ماؤنوازوں کی مرکزی کمیٹی کا رکن جئے رام عرف چلپتی بھی مارا گیا۔ چلپتی پر ایک کروڑ روپئے کا انعام تھا۔

چھتیس گڑھ میں ماؤنواز مخالف آپریشن کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل وویکانند سنہا نے بتایا کہ یہ آپریشن چھتیس گڑھ کے گریابندھ ضلع اور اڈیشہ کے نُواپاڑا ضلع کے سرحدی علاقوں میں انجام دیا گیا۔

اِس دوران حفاظتی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان 36 گھنٹے سے زیادہ رُک رُک کر گولی باری جاری رہی۔

S/B ADG Naral Operation Vivekanand Sinha

حفاظتی فورسز کی جانب سے علاقے میں بڑے پیمانے پر تلاشی مہم جاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆